© rasailojaraid.com

ہے۔ امید کامل ہے کہ تعمیری مکالمے کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ یہ حقیقت ہے کہ یورپ اور شمالی امریکہ میں مسلم اقلیتیں اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے ریاستی اسکولوں کے مقابلے میں عیسائی اسکولوں کو ترجیح دیتی ہیں۔ اس کے بدلے میں ان عیسائی اقلیتوں کے احترام میں یقیناً مدد ملے گی جو مسلم اکثریت والے علاقوں میں آباد ہیں۔

# مسلمانوں کے لیے مشن

## مسیح کی خاطر کُردوں تک رسائی

1982ء میں چند عیسائی مشنوں نے کُردوں میں تبدیلیٔ مذہب کی مہم چلانے کے لیے جو حکمت عملی وضع کی، اس کے چیدہ چیدہ پہلوؤں کی تفصیل ذیل میں دی جارہی ہے۔

1- مسلمانوں میں تبلیغ کے لیے ایسے مردوں اور عورتوں کی تربیت جو کُردوں کی کسی بولی اور ترکی، فارسی یا عربی میں مہارت رکھتے ہوں۔ عراق اور جرمنی دونوں مقامات پر کُرد زبان سیکھنا ممکن ہے۔ خدا کے منشا کو پورا کرنے کے لیے ہمیں ایک تربیت یافتہ اور مستعد جماعت کی ضرورت ہے۔

2- بیروت اور لبنان کے دوسرے حصوں میں دو لاکھ سینتیس ہزار کُرد نہایت خستہ حالت میں زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ اپنی گزر اوقات کے لیے گھٹیا قسم کے کام کرتے ہیں۔ ان تک پہنچنے کے لیے رضاکار جماعتوں کی تیاری۔

3- خلیجی ریاستوں میں سی ایس او مشنریوں کو یہ کام سونپا گیا کہ وہ کویت میں ڈیڑھ لاکھ کُردوں کو اور اسی علاقے کی تیل پیدا کرنے والی دوسری ریاستوں میں ان سے کہیں زیادہ کُردوں کو تلاش کرنے کی کوشش کریں۔

4- ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور مغربی یورپ میں ایسی عیسائی ٹیموں کی تشکیل جو ترک مہمان مزدوروں میں شہادت کا فریضہ انجام دے سکیں۔ یہ لوگ دراصل کُرد ہیں مگر ان میں سے اکثر خوف کی وجہ سے اپنی زبان بولنے سے احتراز کرتے ہیں۔ اگر ان تک نہایت پیار سے ان کی اپنی زبان کے ذریعے پہنچنے کی کوشش کی جائے تو وہ مقدس تعلیمات کی طرف رجوع کے لیے آمادہ ہوسکتے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جرمنی میں ترکوں کے مقابلے میں کُردوں کا ردِّ عمل خاصا حوصلہ افزا ہے۔ ان بد نصیب لوگوں کے لیے ذمّہ داری کا بوجھ محسوس کرنے والے ایسے کارکن کہاں ہیں جو ایک ایسی جگہ جہاں قانونی یا سیاسی پابندیوں کا کوئی سلسلہ نہیں ہے، ان پر شہادت دے سکیں؟

5- مغربی دنیا میں ایسے کُرد عیسائیوں کی تلاش اور تربیت جو کُردستان کے لیے ریڈیو پروگرام تیار اور نشر کر سکیں۔ فی الحال اس سلسلے میں کچھ بھی نہیں کیا گیا۔

6- مستقبل میں مختلف کُرد بولیوں میں بائیبل کے ترجمے کی اہمیت کے پیش نظر متعلقہ بولیوں کے بارے میں محتاط ریسرچ۔ ڈبلیو بی ٹی اور سویڈن میں انسٹی ٹیوٹ برائے بائیبل ٹرانسلیشن کیا اس اہم منصوبے میں دلچسپی نہیں لے سکتے؟

7- مغربی یورپ میں استعمال کے لیے متعلقہ رسم الخط میں معیاری عیسائی لٹریچر کی تیاری۔ کُردستان میں ایسے لٹریچر کی تیاری کو تخریب کاری پر محمول کیا جاسکتا ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ کُرد زبان کے تمام لٹریچر میں کمیونسٹوں کی اجارہ داری ابھی تک برقرار ہے؟

8- کُردستان میں وسیع پیمانے پر تقسیم کے لیے اچھی اور حساس ثقافتی موسیقی کے ساتھ مقدّس تعلیمات پر مشتمل کیسٹوں کی تیاری۔ یہ کیسٹیں اپنے اثرات کے اعتبار سے اتنی ہی مؤثر ثابت ہوسکتی ہیں جتنی کہ آیت اللہ خمینی کی کیسٹیں، جو انہوں نے فرانس میں اپنی جلاوطنی کے دوران میں تیار کر کے ایران روانہ کیں۔

## "اشتعال دلائے بغیر" وسطی ایشیا کے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کا منصوبہ

مغربی یورپ اور سوویت یونین کے عیسائی راہنماؤں نے حال ہی میں انگلینڈ کے کسی نامعلوم مقام پر اجلاس منعقد کیا۔ جس میں "مسیح کی خاطر پورے سوویت یونین تک کیسے پہنچا جائے" کے موضوع پر غور و فکر کیا گیا۔ قابلِ توجہ امور میں زیادہ اہمیت کے حامل تین علاقے، وسطی ایشیا، قفقاز (کاکیشیا) اور سائبیریا تھے جہاں سب سے کم چرچ ہیں۔ عیسائی بن جانے والے ایک تاجک نے (جو پہلے مسلمان تھا) عیسائی راہنماؤں کو مشورہ دیا کہ وہ ایسے طریقے اور ذرائع اختیار کریں کہ جن سے وسطی ایشیا کی مسلم آبادی میں "اشتعال دلائے بغیر" تبدیلیٔ مذہب کا عمل



© rasailojaraid.com